بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

月額料金 900円 LTE 高速データ通信 1.0GB!! 容量超過後も 300kbpsで使い放題! 楽天ブロードバンド 詳しくはこちら

Share

# شمالی وزیرستان سے 2 لاکھ افراد کی نقل مکانی، آپریشن میں مزید 12 دہشتگرد ہلاک

## گن شپ ہیلی کاپٹروں کے حملے، 3 ٹھکانے بھی تباہ، محاصرہ توڑنے کی 6 کوششیں ناکام بنادیں، آئی ایس پی آر

میرانشاہ / راولپنڈی (ایجنسیاں / جنگ نیوز) شمالی وزیرستان میں دہشت گردوں کے خلاف جاری فوجی آپریشن ''ضرب عضب'' میں جمعہ کو چھٹے روز بھی گن شپ ہیلی کاپٹروں سے حملے کیے گئے جس کے نتیجے میں غیر ملکیوں سمیت مزید 12/ دہشت گرد ہلاک اور ان کے 3 ٹھکانے تباہ ہوگئے جبکہ فورسز کا محاصرہ توڑنے کی 6 کوششیں ناکام بنادی گئیں، 24 مشتبہ سمیت 27 افراد کو گرفتار کرلیا گیا، منظم انخلا کے تحت شمالی وزیرستان سے 2/ لاکھ افراد کی نقل مکانی ہو گئی ہے۔ جمعہ کو پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق دہشت گردوں کے خلاف شمالی وزیرستان میں ضرب عضب آپریشن جاری ہے، جمعہ کی صبح میرانشاہ کے علاقے قطب یل میں کوبرا گن شپ ہیلی کاپٹروں کی بمباری کے نتیجے میں غیر ملکیوں سمیت مزید 12/ دہشت گرد ہلاک ہوگئے جبکہ ان کے 3 ٹھکانے بھی تباہ کردیے گئے، کارروائی میں آرٹیلری اور اسپرز استعمال کیے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کارروائی کے دوران بھاری اسلحہ و گولہ بارود بھی تباہ ہوا ہے، آپریشن ضرب عضب میں منصوبہ بندی کے تحت پیشرفت جاری ہے۔ علاقے میں محاصرے میں پھنسے دہشت گرد فرار ہونے کی کوشش کررہے ہیں اور گزشتہ شب ان کے فرار کی چھ کوششیں ناکام بنائی گئیں۔

ShareThis

آج کا اخبار پڑھئے

SHARP製 スマートフォン 24カ月間 3,476円 (税別) /月～ LTE対応 のりかえOK Wi-Fi付き BIGLOBE 詳しくはこちら